قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

جون تا ستمبر 2025، ذوالحجہ 1446ھ تا ربیع الاول 1447ھ | شمارہ 29

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص    امانت وصداقت    صبر واستقامت    خیر خواہی    لگن    نظم وضبط    عزت واحترام

## حمد وثنا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيمِ الْحَكِيمِ نَحْمَدُهُ حَمْدَ الشَّاكِرِينَ، وَنَسْتَغْفِرُهُ اسْتِغْفَارَ التَّائِبِينَ، وَنَسْأَلُهُ مِنْ فَضْلِهِ الْعَظِيمِ فَهُوَ الْجَوَادُ الْكَرِيمُ الْبَرُّ الرَّحِيمُ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔ ہم اللہ کی حمد کرتے ہیں شکرگزاروں کی طرح۔ ہم اس سے توبہ کرنے والوں کی بخشش طلب کرنے کی طرح بخشش مانگتے ہیں۔ ہم اللہ سے اس کے عظیم فضل کا سوال کرتے ہیں، پس وہ سخی، کرم نوازی کرنے والا، خوب احسان کرنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔



## وہ جن کا آج کل سے بہتر ہے

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی تخلیق کی اور انہیں عزت عطا فرمائی۔ آدم علیہ السلام کو دی جانے والی عزت ان کو دیئے گئے علم اور عقل کی بدولت تھی۔ اسی علم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں۔ انسان کو ملنے والی تمام نعمتوں میں افضل ترین نعمت علم کی نعمت ہے۔ نفع مند علم چاہے دنیا کا ہو یا دین کا دونوں ہی انسان کی عزت، مقام اور مرتبے میں اضافہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو علم سیکھنے اور اس میں اضافہ کی قوت بخشی۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی حکم دیا گیا "قل رب زدنی علما" کہہ دیجیے! اے میرے! رب میرے علم اضافہ فرما۔ انسان کے پاس جو علم ہے وہ کامل نہیں ہے جبکہ اللہ کا علم کامل ہے، اس کے علم کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ ہمارا علم اللہ تعالیٰ کے علم کے سامنے سمندر میں قطرے کے برابر بھی نہیں ہے۔

عمل کرنے کے لیے بھی انسان کو علم چاہیے، کیونکہ علم وہی ہوتا ہے جو عمل میں ڈھل جائے۔ قرآن وسنت کے ساتھ ہمارا مسلسل تعلق علم کے چراغ کو جلتا رکھنے کے لیے کافی ہے۔ علم ایک نور ہے۔ دل میں ایمان کی حرارت اور روشنی ہو تو باہر سے ملنے والا علم عمل میں بدل جاتا ہے۔ انسان علم کی روشنی میں ہی زندگی کے ہر طرح کے معاملات کو دیکھتا ہے اور اگر اسے اللہ کی پہچان نہ ہو، اس کا دل روشن نہ ہو اور اللہ کا تقوی، خشیت، معرفت نہ ہو تو ایسا علم اس کو کوئی فائدہ نہیں دیتا۔

علم حاصل کرتے ہوئے انسان کو اپنی نیت دیکھنی چاہیے کہ وہ علم کس لیے حاصل کر رہا ہے؟ اگر کسی کی نیت شہرت ہو، تو یہ نیت ٹھیک نہیں۔ قیامت کے دن بھی علم کے بارے میں سوال ہوگا کہ جو علم حاصل کیا اس پر کتنا عمل کیا۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ صبح سے شام تک کیے ہوئے اپنے اعمال پر غور کریں کہ ہماری طاقتیں اور صلاحیتیں کہاں خرچ ہو رہی ہیں۔

علم کا سیکھنا اور سکھانا عبادت ہے۔ اس راستے میں جب بھی کوئی رکاوٹ اور پریشانی ہو تو ہمیشہ یہ سوچیں کہ انبیاء، صحابہ اور صالحین نے اپنا راستہ کبھی نہیں چھوڑا تو ہمیں بھی اسی صراط مستقیم پر چلنا ہے جو جنت تک پہنچا دے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو ڈرا اور وہ پہلی رات چلا وہ منزل کو پہنچ گیا۔ یعنی جس نے شروع سے جان و مال، صلاحیتیں اور طاقتیں سب جنت کے راستے میں لگائیں، اس نے اپنی منزل پالی۔ ہر روز یہ طے کرلیں کہ ایک نئی بات سیکھ کر اس پر عمل کرنا ہے، ہر دن گزشتہ کل سے بہتر بنانا ہے۔

جس نے علم کا راستہ چھوڑ دیا اور پھر عمل بھی نہ کیا، بھول گیا تو وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں علم حاصل کرنے اور عمل کرنے والوں میں شامل کرے۔ آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نیا شمارہ بہت سی دلچسپ اور اہم خبروں کے ساتھ پیش نظر ہے۔ اسلام آباد میں اس مرتبہ استاذہ محترمہ کا قیام الھدیٰ کی تاریخ میں نہایت اہم موڑ ثابت ہوا۔ استاذہ نے تشریف لاتے ہی ایک نہایت مفید کتاب شفا کی دعائیں پڑھانی شروع کی۔ اس دوران الھدیٰ کی علمی اور انتظامی استعداد بڑھانے اور معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے استاذہ کی رہنمائی میں پروجیکٹس کی منصوبہ بندی اور نئے پروجیکٹس شروع کرنے کا لائحہ عمل بنانے کے لئے مشاورت کی گئی جس میں تمام ریجنل اور ڈیپارٹمنٹ ہیڈز شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ تمام ریجنز اور برانچز کے درمیان باہمی رابطے منظم کرنے اور طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لئے ٹریننگز کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف وفود سے ملاقاتوں اور میٹنگز کا سلسلہ جاری رہا۔ استاذہ محترمہ کا ہر لمحہ الھدیٰ کی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنانے اور اسٹاف کی تربیت پر مرکوز رہا، جس سے تمام شعبہ جات میں نمایاں بہتری نظر آئی۔

اسلام آباد سے استاذہ محترمہ کے کاروانِ علم کی منزل اگرچہ کینیڈا تھی لیکن اس مرتبہ برطانیہ سے تعلق رکھنے والی الھدیٰ طالبات اور سٹاف کے پرزور اصرار پر علم کا یہ کاروان براستہ قطر برطانیہ پہنچا۔ علم کا یہ خوبصورت سفر دلوں کو قرآن کے نور سے منور کرنے کے ساتھ بہت سے سبق دے رہا تھا۔ سفر سے پہلے بہترین منصوبہ بندی کی گئی، جس سے مقررہ وقت میں سب کام خوش اسلوبی سے انجام پائے اور سفر کے بہترین نتائج حاصل ہوئے۔

CEO ڈاکٹر عاطف اقبال صاحب نے کراچی، لاہور اور خیبر پختون خواہ ریجنز کا دورہ کیا۔ ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ریجنل سٹاف سے مشاورت اور میٹنگز کا اہتمام کیا گیا۔

گزشتہ چار ماہ میں علم کے حصول کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں میں کارکردگی بہتر بنانے کے لئے تربیتی سیشنز کا سلسلہ جاری رہا جن میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال بھی شامل ہے۔

شعبہ خدمتِ خلق کے تحت فلاحی کاموں کا سلسلہ جاری رہا۔ حسبِ ضرورت ہماری ٹیمیں سیلاب کی ایمرجنسی سرگرمیوں میں بھی سرگرمِ عمل رہیں اور ضرورت مند افراد تک امدادی سامان پہنچاتی رہیں۔ الھدیٰ کا ہر کام خواہ وہ تعلیمی ہو یا فلاحی، اللہ تعالیٰ کے کرم اور آپ کے تعاون کا مرہونِ منت ہے۔ اس سب کے لئے ہم اپنے کرم فرماؤں کے تہہ دل سے شکرگزار ہیں۔

طاہرہ خان

## الھدیٰ انٹرنیشنل سکول کے 15 سال مکمل

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول (AIS) کامیابی سے 15 باکمال سال مکمل کر چکا ہے، 54 طلبہ سے آغاز کرنے والا یہ ادارہ آج اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، سیالکوٹ اور کراچی کے 8 کیمپسز میں 3858 طلبہ تک پھیل چکا ہے۔ سکول کی اس وسعت اور ترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے الھدیٰ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لایا گیا تاکہ طلبہ کی ذہنی ترقی، کردار کی تعمیر اور ایمان کی مضبوطی کے مشن کو آگے بڑھایا جا سکے۔ AIS اور ACS اسی فاؤنڈیشن کے تحت کام کر رہے ہیں۔

ان 15 سالوں میں حفظ سیکشن کے تحت 336 طلبہ اپنا حفظ مکمل کر چکے ہیں اور 235 طلبہ اپنا حفظ مکمل کر رہے ہیں۔ الحمدللہ۔



## الھدیٰ کے مختلف ریجنز اور ماتحت برانچز کا جائزہ اور رجسٹریشن

الھدیٰ ہیڈ آفس کے تحت تمام رجسٹرڈ ریجنز کا جائزہ لیا گیا اور جو ریجنز الھدیٰ کی تمام پالیسیز پر عملدرآمد کر رہے ہیں انہیں فریم شدہ سرٹیفیکیٹ جاری کئے گئے جو وہ اپنے ریجنل آفس میں آویزاں کر سکیں گے۔ لاہور، ملتان، حیدرآباد، کراچی اور خیبر پختونخواہ ریجنز کو یہ سرٹیفیکیٹ جاری کئے گئے ہیں، نارتھ ریجن کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے نیز ان ریجنز کے تحت چلنے والی ان تمام برانچز کو جو الھدیٰ کی پالیسیز پر عملدرآمد کر رہی ہیں، ان کے سرٹیفیکیٹ ان کی ریجنل کوآرڈینیٹرز کو بھجوا دیئے گئے۔ رجسٹریشن کے لئے باقاعدہ طریقہ کار اختیار کیا گیا۔

## ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا قیام

محترمہ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی پاکستان موجودگی کے دوران ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ یہ ڈیپارٹمنٹ ہیڈ آفس اور تمام رجسٹرڈ ریجنز اور برانچز کے تعلیمی امور کی نگرانی کرے گا۔ نیلوفر جمیل صاحبہ کو اس شعبہ کی نگرانی کے لئے ڈائریکٹر ایجوکیشن مقرر کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ انہیں یہ ذمہ داری بہترین طریقے پر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## دل کی دوا

دل کی دوا پانچ چیزوں میں ہے:

تدبر کے ساتھ تلاوتِ قرآن

خالی پیٹ (کم کھانا)

قیام اللیل (تہجد)

سحر کے وقت رونا گڑگڑانا

نیک لوگوں کی صحبت

امام یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ

[صفة الصفوة: 4/339]

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ







استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اسلام آباد سے کینیڈا کے سفر کے دوران براستہ قطر برطانیہ کے کئی شہروں کا بھی دورہ کیا جہاں علمی اور تربیتی مجالس کا اہتمام کیا گیا۔ خواتین کی کثیر تعداد نے ان دروس میں شرکت کی اور دلوں کو علم کی روشنی سے منور کیا۔ اس دورے کا مختصر جائزہ درج ذیل ہے:

**قطر :**

1 جولائی 2025: تعلیم القرآن طالبات سے ملاقات، مرجان کمپاؤنڈ قطر

1 جولائی 2025: صوت القرآن/تعلیم القرآن طالبات میں سرٹیفکیٹ تقسیم

1 جولائی 2025: تربیت اولاد اور شخصیت کی تعمیر، مسجد المفتاح قطر

**برطانیہ:**

3 جولائی 2025: رب اعنی ولا تعن علی، Romford

4 جولائی 2025: فقہ القلوب، Southend-on-Sea

5 جولائی 2025: ٹی وی پروگرام ریکارڈنگ، Chigwell

6 جولائی 2025: استخارہ، SouthHall

7 جولائی 2025: سورت الملک، High Wycombe

8 جولائی 2025: اسپیشل لیکچر، Luton

9 جولائی 2025: صلہ رحمی، Milton Keynes

10 جولائی 2025: رنج و غم سے ازالہ کی دعائیں، Oxford

11 جولائی 2025: فقہ القلوب، Coventery

12 جولائی 2025: شفا کی دعائیں، Bradford

13 جولائی 2025: مقصد زندگی، Isle Man

16 جولائی 2025: اللھم اقسم لنا من خشیتك، Halifax

17 جولائی 2025: میرا رب میرا رازدان میرے ساتھ، Middlesbrough

18 جولائی 2025: اطاعت کیا ہے، Leeds

19 جولائی 2025: استقامت کا فارمولا، Rochedale

20 جولائی 2025: کون ہے جو مضطر کی دعا سنتا ہے؟، Manchester

21 جولائی 2025: عباد الرحمن، Cheadle Mosque

22 جولائی 2025: سورت الاعلی، Oladham

23 جولائی 2025: اللہ کی مدد حاصل کرنے کا طریقہ، Sheffield

24 جولائی 2025: آزمائش لازم ہے، Glasgow

25 جولائی 2025: فقہ القلوب، Glasgow

27 جولائی 2025: سورت الاحزاب آیت 35-36، Aberdeen

29 جولائی 2025: سورۃ النساء آیت 36-40، Dundee

29 جولائی 2025: اسپیشل لیکچر، Coatbridge

30 جولائی 2025: سورت فاطر آیت 29-38، livingston

2 اگست 2025: Birmingham, Meet and greet

3 اگست 2025: سورت فاطر آیت 15-24، London




استاذہ محترمہ 5 اگست 2025 سے الہدیٰ کینیڈا انسٹیٹیوٹ سے مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- شفا کی دعائیں کتاب پڑھائی جا رہی ہے۔ موضوع ''جادو کا علاج''
- تدبر القرآن: جزء 19 سورت الشعراء، ہفتہ وار سلسلہ جاری ہے۔
- فقہ القلوب: ''فقہ التقویٰ'' کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔
- غلطیوں کی اصلاح کا نبوی ﷺ طریقہ کتاب کی ہفتہ وار کلاس جاری ہے۔

ان تمام لیکچرز کے لیے آپ مندرجہ ذیل لنکس سے استفادہ کر سکتے ہیں:

لنکس برائے استفادہ: https://linktre.ee/DrFarhatHashmi





علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

# الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد

## تکمیل قرآن تقریب



23 اگست کو تکمیل کے موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں تعلیم القرآن، تعلیم الحدیث، تجوید القرآن اور دیگر کئی کورسز کی تکمیل کی گئی۔ تکمیل کا تھیم ''اَلَیْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ'' تھا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا گیا۔ مختلف کورسز مکمل کرنے والی طالبات نے اس موقع پر اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ ایک طالبہ کا کہنا تھا کہ قرآن سے پہلے میرا دل خالی، یقین کمزور، راہ گم اور روح پیاسی تھی۔ مگر قرآن سے جڑنے کے بعد سوچ، زندگی، اور چیزوں کو پرکھنے کے زاویے بدل گئے۔ طالبات کے تاثرات میں یہ عنصر غالب تھا کہ قرآن اور حدیث کی تعلیمات نے ان کی سوچ، رویے اور طرزِ زندگی کو یکسر بدل دیا ہے۔ محفل کے دوران کئی خوبصورت نظمیں اور نشید پیش کی گئیں، جن کے الفاظ دل کو چھو لینے والے اور ایمان کو تازہ کرنے والے تھے۔ آخر میں ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ نے طالبات کی محنت کو سراہا۔ تقریب اس دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن و حدیث کے علم کی قدر کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

## طالبات اور سٹاف کے لیے ہیلتھ کیئر پروگرام

استاذہ محترمہ کی رہنمائی میں ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد کے تحت انسٹیوٹ کی طالبات و سٹاف کی صحت کی بہتری کے لیے آگہی پروگرام ترتیب دیے گئے۔ طالبات کی جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر ماہ ہیلتھ سیشنز شروع کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹرز کی ٹیم نے نئے آنے والے کورس کی تمام ہاسٹل طالبات کا میڈیکل چیک اپ کیا اور صحت کی بہتری کے لیے ان کو رہنمائی دی۔ ہاسٹل طالبات کے لیے ہفتہ وار خصوصی سیشنز کا پروگرام ترتیب دیا گیا ہے، جس میں جسمانی ورزش پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ کیفے ٹیریا اور کچن کے مینیو اور حفظان صحت کے مطابق غذا کے انتخاب اور تیاری کے حوالے سے بھی خصوصی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں جو کھانے کے معیار کو چیک کرتی ہیں۔ کچن، کیفے اور سینیٹری سٹاف کے لیے انفیکشن سے بچاؤ اور حفظان صحت کے حوالے سے ایک خصوصی سیشن کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ان اقدامات کا مقصد الھدیٰ کے طلبہ و سٹاف کو چست اور توانا بنانا ہے تا کہ وہ دعوت دین اور خدمت انسانیت کا کام تندہی سے کر سکیں۔

## ''غلطیوں کی اصلاح کا نبوی طریق کار'' ای لرننگ کورس

استاذہ محترمہ کی رہنمائی میں دنیا بھر میں پھیلے تمام سٹاف کی تربیت کے لئے ''ای لرننگ پلیٹ فارم'' کے ذریعے ایک ہفتہ وار کورس ''غلطیوں کی اصلاح کا نبوی طریق کار'' کا اجراء کیا گیا۔ جس کی رجسٹریشن کا آغاز 8 ستمبر کو ہوا اور 20 اکتوبر رات پونے 12 بجے یہ مرحلہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا، اس کورس میں 3040 ممبران نے اندراج کروایا۔ یہ کورس الھدیٰ کی تاریخ کا ایک نمایاں سنگ میل ثابت ہوا۔ ای لرننگ پلیٹ فارم ایک عظیم نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس ٹیکنالوجی کو قرآن کے پیغام کو ہر دل اور ہر ہاتھ تک پہنچانے کے لیے موثر انداز میں استعمال کرتے رہیں۔

## الھدیٰ انسٹیٹیوشنل پروگرامز

الھدیٰ انسٹیٹیوشنل پروگرامز کے تحت جون میں عشرۂ ذوالحجہ کے موقع پر مختلف اداروں میں آگاہی پروگرامز منعقد کیے گئے، جبکہ گرمیوں کی تعطیلات میں سمر کورسز کا کامیاب انعقاد بھی عمل میں آیا۔ ان پروگرامز کے دوران الھدیٰ پبلیکیشنز کے اسٹالز نے شرکاء کی خصوصی توجہ حاصل کی، جہاں کتب اور دعا کارڈز کو بے حد پسند کیا گیا۔ بعد ازاں ستمبر میں سیرت النبی ﷺ کے عنوان سے منعقدہ پروگرامز کے ذریعے بچوں، طلبہ اور اداروں کے عملے کو سیرتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا۔ اس سلسلے میں سیشن کورٹ گوجرانوالہ میں پہلی بار ''رسول اللہ ﷺ سے محبت کے تقاضے'' پر درس دیا گیا جسے سامعین کی جانب سے بے حد پذیرائی ملی۔ اسی ماہ اولڈ ہومز کے دورے کے دوران صبر و اجر کے پیغام نے وہاں مقیم خواتین کے دلوں کو سکون اور چہروں کو اطمینان بخشا۔

## جھگیوں میں روشنی

اسلام آباد کے نواحی علاقے میں جھگیوں میں اس سال پہلی بار عیدالاضحیٰ کی باجماعت نماز ادا کی گئی۔ ان بستیوں کے بچوں کو پہلے نماز کا صحیح طریقہ بھی معلوم نہ تھا کبھی کبھار رسماً عید کی نماز پڑھ لیتے تھے، لیکن الحمدللہ اس بار، انہوں نے صحیح طریقے سے نماز سیکھی اور شعور کے ساتھ عید کی نماز ادا کی۔ یہاں عیدالاضحیٰ کو عموماً ''کام والی عید'' کہا جاتا ہے، کیونکہ ان دنوں یہ لوگ قربانی کا کوڑا اٹھانے اور گلیوں کی صفائی میں مصروف رہتے ہیں، اکثر تین دن تک گھروں کو لوٹ نہیں پاتے۔ لیکن اس بار الھدیٰ کا مطمع نظر ''صرف گوشت ہی نہیں بلکہ روشنی، محبت اور احساس بھی بانٹیں'' رہا۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## سی ای او الھدیٰ کا ریجنز وزٹ

سی ای او ڈاکٹر عاطف اقبال صاحب نے مؤرخہ 27 اگست تا 11 ستمبر 2025 لاہور، ملتان، حیدرآباد اور کراچی ریجن کا وزٹ کیا اور 24 تا 26 ستمبر پشاور ریجن کا وزٹ ہوا۔

اس دورے کا بنیادی مقصد ادارے کے ریجنل آفسز، برانچز، مختلف شعبہ جات کی سرگرمیوں کا جائزہ خصوصاً فنانس کا جائزہ تھا اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے ہدایات فراہم کرنا تھا۔

**لاہور روزٹ 27 تا 29 اگست:** لاہور ریجنل آفس کے شعبہ فنانس، ایچ آر اور شعبہ سوشل ویلفیئر سے میٹنگ کی۔ نیز AIM کلاس کا وزٹ اور سٹاف میٹنگ کی، این ایف سی برانچ، ACS سکول، اقبال ٹاؤن برانچ، شاہ جمال برانچ، سٹیٹ لائف برانچ، گرین سٹی برانچ اور کیولری برانچ کا دورہ کیا اور کام کو بہتر بنانے کے لیے مختلف امور میں رہنمائی فراہم کی گئی۔

**ملتان وزٹ یکم ستمبر تا 3 ستمبر:** یکم ستمبر کو ریجنل آفس کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور رہنمائی کی۔ 2 اور 3 ستمبر کو ملتان کی جناح ٹاؤن، حسن پروانہ، گارڈن ٹاؤن، نشیمن کالونی، گلگشت کالونی، شاہ رکن عالم اور رائل آرچرڈ برانچز کا دورہ کیا اور مطلوبہ رہنمائی فراہم کی۔

**کراچی وزٹ 04 تا 11 ستمبر:** 05 ستمبر کو ڈی ایچ اے کے مختلف شعبہ جات بشمول انسٹیٹیوٹ، سوشل ویلفیئر، HR اور ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ میٹنگ کی گئی۔ 8 ستمبر کو اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ اور 9 ستمبر کو ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ سے میٹنگ کی گئی اور نارتھ ناظم آباد انسٹیٹیوٹ اور عائشہ منزل برانچ کے سٹاف کے ساتھ نارتھ ناظم آباد برانچ میں ہی میٹنگ کی گئی نیز اسی روز حج وعمرہ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ میں میٹنگ ہوئی۔ 10 ستمبر کو بارش کی وجہ سے برانچز کا وزٹ نہیں ہوسکا البتہ حیدرآباد ریجنل کوآرڈینیٹر کے ساتھ میٹنگ کی گئی، سراج الدولہ ہاسٹل کا وزٹ کیا گیا اور قاسم آباد برانچ، لطیف آباد برانچ اور میرپورخاص کے سٹاف کے ساتھ میٹنگ کی گئی۔ 11 ستمبر 2025 کو خواتین کلب اور طارق روڈ برانچ کا وزٹ کیا گیا، جائزہ لیا اور رہنمائی دی گئی۔

**پشاور وزٹ 24 تا 26 ستمبر:** ریجنل آفس کے تمام ڈیپارٹمنٹس کا دورہ، تمام سٹاف اور سٹوڈنٹس سے خطاب، اے آئی ایس کا دورہ نیز گلبہار، ورسک، کینٹ اور ٹاؤن برانچز کے وزٹ کئے گئے، تمام امور کا جائزہ لیا گیا اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ 26 ستمبر کو مردان کی برانچز طورو برانچ، گجر گڑھی برانچ اور الھدیٰ گلونہ کا وزٹ کیا گیا اور رہنمائی دی گئی۔



## الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فار مین اسلام آباد

### تکمیلِ قرآن تقریب

الحمدللہ، AIM نے کامیابی کے ساتھ Tune-Up with Qur'an بیچ 6 اور تعلیم القرآن بیچ 12 مکمل کیے۔

طلبہ نے اپنی تعلیمی جدوجہد کا اختتام ہم نصابی سرگرمیوں، موضوعاتی پریزنٹیشنز اور ایوبیہ (مری) کے تفریحی دورے کے ساتھ کیا۔

### فیکلٹی واسٹاف کے لیے تربیتی پروگرام

AIM کی جانب سے سالانہ چار روزہ تربیتی پروگرام 26 تا 29 اگست 2025 کو منعقد ہوا۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد عملی تدریسی مہارتوں، طلبہ کے نظم وضبط اور اسٹاف کی کارکردگی میں بہتری لانا تھا۔ اس میں مختلف موضوعات پر مفید سیشنز شامل تھے:

تزکیۂ نفس۔ ڈاکٹر عبدالجبار بلال (ڈائریکٹر، الشفاء اسلامک سینٹر)

AIM کے اثرات پر انٹرایکٹو سیشن۔ ڈاکٹر عاطف اقبال (سی ای او، الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن)

مشکل حالات سے نبردآزما ہونے کے طریقے۔ کرنل جواد (سابق پی ایم اے ٹرم کمانڈر)

### طلبہ کے لیے AIM ہاسٹل کا اجراء

بیرونی شہروں سے آنے والے طلبہ کی سہولت اور ہمہ وقت تربیتی ماحول کی فراہمی کے لیے AIM نے طلبہ کے لیے ہاسٹل کا آغاز کیا۔ یہ ہاسٹل عام نجی ہاسٹلز سے مختلف ہے، جہاں چوبیس گھنٹے نگرانی اور تربیت کے انتظامات ہیں۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ کی الھدیٰ کے ویژن "قرآن سب کے لیے، ہر ہاتھ میں اور ہر دل میں" کے مطابق کردار سازی کرنا ہے۔

### طلبہ کے لیے علمی وتربیتی نشستیں

طلبہ کی فکری وروحانی نشوونما کے لیے مختلف مہمان مقررین کے خصوصی سیشنز منعقد کیے گئے، جن میں شامل تھے:



کاشف نسیم دِلکُشا ''کرنسی آف لائف''

راجہ ضیاء الحق ''آپ ﷺ سے محبت اور اس کے تقاضے''

سلمان آصف صدیقی ''علم اور عمل کے درمیان فاصلے کو کیسے کم کریں''

عمر حیات (UAE) ''سیرۃ النبی ﷺ سے سبق''

### ڈاکٹر بلال فلپس کا مختصر دورہ



ڈاکٹر بلال فلپس نے AIM اسلام آباد کا ایک مختصر دورہ کیا۔ طلبہ واساتذہ سے خطاب میں انہوں نے محنت اور لگن سے اسلامی تعلیم کے حصول اور فروغ کی اہمیت کو اجاگر کیا جسے طلبہ نے بہت ذوق وشوق سے سنا۔

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## نارتھ ریجن

### کارکردگی وجائزہ کے لیے دورے

نارتھ ریجن کی ٹیم وقتاً فوقتاً اپنی برانچز کا وزٹ کرتی ہے تاکہ وہاں کی کارکردگی اور ضروریات کو دیکھا جا سکے۔اسی مقصد کے تحت نارتھ ریجن کی جانب سے ان علاقوں میں باقاعدہ دورے کیے گئے۔

19 جولائی 2025 پنڈ دادنخان اور کھیوڑہ (اساتذہ وطلبہ کا پروگرام، سٹاف میٹنگ، تحائف کی تقسیم)

2 اگست 2025 ویسٹریج یتیم خانہ (یتیم بچیوں کے ساتھ تعلیمی و تربیتی نشستیں، تحائف)

9 اگست 2025 ہری پور، منڈیاں (ایبٹ آباد)، نواں شہر (ایبٹ آباد) (اسٹاف میٹنگز، کارکردگی کا جائزہ، طالبات سے ملاقات)

24 اگست 2025 ہری پور برانچ (برانچ کا جائزہ، مرمتی تقاضوں کی نشاندہی، لڑکوں کی کلاسز شروع کرنے کا فیصلہ)

25 اگست 2025 ایبٹ آباد، گلی بنیان، رزکھٹہ (ووکیشنل سینٹر کا منصوبہ، غسلِ میّت تربیت، اساتذہ کو ادارہ جاتی پروگرام جاری رکھنے کی ترغیب)


گو کہ ان دوروں کا بنیادی مقصد تعلیمی و تدریسی امور میں بہتری، عملے کی تربیت اور کارکردگی کا جائزہ لینا تھا، لیکن ساتھ ہی ساتھ طالبات کی حوصلہ افزائی اور تربیتی نشستوں کا اہتمام بھی کیا گیا۔ مزید برآں، ادارہ جاتی ضروریات کی نشاندہی، ووکیشنل سینٹر و غسلِ میّت کی تربیت جیسے منصوبے اور سماجی خدمت و نیک اعمال کی ترغیب جیسے افعال بھی اس کا حصہ بنائے گئے تھے۔



### دَرس و انسٹیٹیوشنل پروگرام اسپیکرز کے لیے خصوصی آن لائن ٹریننگ سیشن

دعوتِ دین کے کام کو زیادہ مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے دَرس اسپیکرز اور انسٹیٹیوشنل پروگرام اسپیکرز کے لیے ایک خصوصی آن لائن ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا گیا۔ جس کا مقصد شرکاء کی تقریری و ابلاغی مہارتوں کو نکھارنا اور انہیں جدید و مؤثر تدریسی و دعوتی انداز سے روشناس کرانا تھا۔ شرکاء نے اس نشست کو نہایت مفید قرار دیا اور کہا کہ یہ تربیت ان کو عملی میدان میں مزید رہنمائی فراہم کرے گی۔

نارتھ ریجن انسٹیٹیوشنل پروگرام کے تحت جون تا ستمبر کے دوران 42 تعلیمی اداروں میں کل 162 لیکچرز منعقد کیے گئے، جن سے براہِ راست 4518 طلبہ و اساتذہ مستفید ہوئے۔ یہ پروگرام تعلیمی اور تربیتی بہتری کے سفر میں ایک نمایاں سنگِ میل ثابت ہوا۔



### نارتھ ریجن کے تحت عوامی ورک شاپس کا انعقاد

نارتھ ریجن کے تحت مختلف علاقوں میں 50 جنرل پبلک ورک شاپس منعقد کیے گئے، جن کا مقصد عوام الناس کو قرآن کریم کی مستند تعلیمات سے روشناس کرانا تھا۔ ان ورک شاپس میں اہم موضوعات جیسے غسلِ میّت، بچوں کی تربیت، اور دیگر دینی و اصلاحی پہلو موضوع گفتگو رہے۔ شرکاء نے ان پروگرامز کو نہایت مفید اور مؤثر قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی عملی زندگی میں ان تعلیمات کو اپنائیں گے۔

### برانچ اسٹاف ٹریننگز کا انعقاد

تدریسی و انتظامی مہارتوں کو نکھارنے کے لیے 30 جولائی تا 1 اگست 2025ء اسلام آباد میں نارتھ ریجن کے تحت تین روزہ اسٹاف ٹریننگ منعقد ہوئی، جس میں کہوٹہ، پنڈ دادنخان، طورو مردان، منڈی بہاؤالدین اور ہری پور سے 35 شرکاء نے حصہ لیا۔ تربیت میں تدریسی مہارتوں، وقت کے بہتر استعمال، تجوید و تفسیر کلاسز کی حکمتِ عملی اور پیپر چیکنگ جیسے موضوعات شامل تھے۔

27 تا 30 اگست 2025ء نارتھ ریجن میں اسلام آباد و راولپنڈی برانچز کے لیے تربیتی سیشنز منعقد ہوئے، جن میں 16 شرکاء نے حصہ لیا۔ اس کا مقصد عملے کی صلاحیتوں میں اضافہ اور ادارہ جاتی معیار کے مطابق کارکردگی میں بہتری لانا تھا۔



### کورنگ ٹاؤن برانچ میں مرد حضرات کے لیے کورسز کا آغاز

14 جون کو ریجنل کوآرڈینیٹر اور ٹیم نے رحیم آباد اور کورنگ ٹاؤن برانچز کا دورہ کیا۔

کورنگ ٹاؤن برانچ میں مرد حضرات کے لیے شارٹ کورس "Tune-Up with Qur'an" کا آغاز کیا گیا۔

## ملتان ریجن

ملتان ریجن کے مختلف مراکز میں دینی تعلیم کے پروگرامز کامیابی سے جاری ہیں۔

آفیسرز کالونی میں نیا تعلیم دین کورس شروع ہوا، جس میں 21 سے زائد طالبات نے داخلہ لیا۔ اسی دوران 19 واں بیچ تعلیم دین کورس اور 25 واں بیچ تعلیم الحدیث کورس کامیابی سے مکمل ہوا۔

کوٹ ادو میں صوت القرآن کا دوسرا بیچ، شاہ رکن عالم میں تعلیم دین کا تیسرا بیچ، اور ہارون آباد میں تفہیم دین کا تیسرا بیچ پایہ تکمیل کو پہنچا۔

مجموعی طور پر ملتان ریجن میں 500 سے زائد طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## کراچی ریجن

### تکمیل قرآن تقریبات

• 16 اگست 2025 کو الھدیٰ انٹرنیشنل خواتین کلب انسٹیٹیوٹ میں تعلیم القرآن کورس (بیچ 20) کی تکمیل کی تقریب منعقد ہوئی جس کا آغاز تلاوتِ قرآن مجید سے ہوا۔ طالبات کے تاثرات اور کوئز نے محفل کو رونق بخشی، جبکہ مفتاح القرآن کورس کی طالبات کی تکمیل اور اسٹاف کی حفظِ قرآن سرگرمی نے حاضرین کو متاثر کیا۔ آخر میں تمام حاضرین کے لیے محترمہ استاذہ کے پُراثر پیغام کے ساتھ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

• 28 اگست 2025 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ نارتھ ناظم آباد میں "لوجہ الله" تھیم کے تحت تکمیل تقریب منعقد ہوئی جس میں 700+ شرکاء نے شرکت کی اور 5 کورسز مکمل ہوئے۔ تقریب میں تلاوت، نشید، علمی تاثرات، کوئز ایکٹیویٹی اور پریزنٹیشنز شامل رہیں۔ مہمانانِ خصوصی نے نمایاں کارکردگی والی طالبات کو انعامات دیے جبکہ استاذہ فرحت ہاشمی صاحبہ کا خصوصی پیغام بھی سنوایا گیا۔ اختتام پر فوڈ اسٹالز لگائے گئے جن کی آمدنی الھدیٰ کے صدقہ جاریہ میں شامل کی گئی۔



### تعلیم القرات ورش عن نافع کورس

سورۃ الفاتحۃ کے بعد قراءات کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے الھدیٰ انسٹیٹیوٹس ڈی ایچ اے اور نارتھ ناظم آباد کراچی ریجن میں جون اور اگست میں پہلی بار سورۃ البقرۃ بروایۃ ورش عن نافع کورس کا آغاز کیا گیا۔

### ڈاکٹر بلال فلپس کا لیکچر

کراچی 9 جولائی 2025 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ ڈی ایچ اے میں معروف اسکالر ڈاکٹر بلال فلپس نے "اسلام اور ذہنی صحت" کے موضوع پر خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کی پریشانیاں ناگزیر ہیں، مگر شکر گزاری مومن کا حقیقی رویہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے سجودِ شکر جیسی بھولی ہوئی سنت کو زندہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب میں 450 سے زائد خواتین و طالبات نے شرکت کی، جبکہ اختتام پر ڈاکٹر بلال فلپس نے انسٹیٹیوٹ کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں کے کام کو سراہا۔

### طلبہ کے لیے شارٹ کورس

گلشن اقبال برانچ کی جانب سے 18 مئی 2025 کو لڑکوں کے لیے پہلا ہفتہ وار شارٹ کورس "Tune Up with Qur'an" میں سورت یوسف کی تفسیر کا آغاز کیا گیا جو 3 اگست 2025 کو بحسن وخوبی اختتام پذیر ہوا۔ اس کورس میں 36 طلباء نے شرکت کی جن میں سے 26 طلباء نے کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کر کے اسناد حاصل کیں۔ طلباء نے کورس میں بھرپور ذوق وشوق سے حصہ لیا اور آئندہ مزید ایسے مفید کورسز کے انعقاد کی خواہش کا اظہار کیا۔


## لاہور ریجن

نواب ٹاؤن برانچ میں تعلیم القرآن بیچ 3 کی تکمیل اور بیچ 4 کا آغاز ہوا۔

تعلیم الحدیث لیول 1 کی تکمیل ہوئی۔ زمان پارک برانچ، شاہ جمال برانچ میں تعلیم دین کورسز مکمل ہوئے۔ تعلیمی ادارے کھلنے کے بعد ستمبر کے مہینے میں لاہور ریجن میں 59 کے قریب اسکولز اور کالجز وزٹ کیے گئے، دروس دیئے گئے اور کچھ جگہوں پر ریگولر کلاسز کی ڈیمانڈ بھی آئی۔ جن کو شروع کرنے کے حوالے سے پلاننگ جاری ہے۔ لاہور ریجن میں پہلی مرتبہ بوائز تعلیم القرآن کورس کا آغاز کیا گیا۔

آن لائن سمر کورس کا انعقاد کیا گیا، جس میں اڑھائی سو سے زائد طلبہ نے شرکت کی۔

آن لائن بنیادی تجوید کورس کے پارٹ 1 کی تکمیل اور پارٹ 2 کا آغاز کیا گیا۔






## خیبر پختون خواہ ریجن

### گورنمنٹ سکول و کالجز کی قرآن ٹیچرز کی ٹریننگ

ریجنل کوآرڈینیٹر اور ان کی ٹیم نے پشاور کے ایجوکیشن منسٹر سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے تحت تمام گورنمنٹ سکولوں اور کالجوں میں مطالعہ قران کے اساتذہ کو الھدیٰ کے اساتذہ سے ٹریننگ دینے کی اجازت لی گئی۔



### دروس کا اہتمام

الھدیٰ نے سیلاب متاثرین کو جہاں دنیاوی سہولیات فراہم کیں، وہیں ان کی روحانی غذا کا بھی خیال رکھا۔ مرد و خواتین کے لیے دروس کا باقاعدہ اہتمام کیا گیا، تاکہ دلوں کو سکون اور امید فراہم ہو۔




### الھدیٰ گلونہ (یتیم خانہ) میں تعلیمی سرگرمیاں

یتیم بچے، جو معاشرے کا سب سے پسماندہ طبقہ ہیں اور ہماری خصوصی توجہ و حسن سلوک کے زیادہ مستحق ہیں، ان کے لیے بھی نمایاں اقدامات کیے گئے۔ الھدیٰ گلونہ میں جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے 12 کمپیوٹر دیئے گئے تاکہ بچے آئی ٹی کی مہارتیں حاصل کر سکیں اور معاشرے کے لیے مفید افراد بن سکیں۔ گلونہ وزٹ کے موقع پر ڈاکٹر عاطف اقبال صاحب نے بچوں کی کمپیوٹر لیب کا معائنہ کیا، ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور انہیں نصیحت کی۔



# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کردی، اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور کردے گا۔ جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی، اللہ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا...۔[صحیح مسلم]

## خدمت خلق سروسز

| | | | |
|---|---|---|---|
| ماہانہ راشن | 416 راشن پیکس | تعلیمی امداد | 636 افراد مستفید ہوئے |
| مالی امداد | 537 افراد مستفید ہوئے | قرض حسنہ | 3 افراد مستفید ہوئے |
| ٹریننگ + غسل میت | 187 غسل+119 ٹریننگ | فری کفن | 121 فری کفن |
| ووکیشنل سنٹر | 140 مقامات | میرج بیورو | 206 رشتے طے ہوئے |
| طبی امداد | 585 افراد مستفید ہوئے | میڈیکل کیمپس | 14 مختلف مقامات |
| امداد برائے شادی | 22 افراد مستفید ہوئے | امداد برائے روزگار | 14 افراد مستفید ہوئے |

## خدمت خلق پروجیکٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایمرجنسی ریلیف | 1350 خاندان مستفید ہوئے | قربانی | 53730 افراد مستفید ہوئے |
| شجر کاری | 1025 درخت لگائے | الھدیٰ دسترخوان | 9794 افراد مستفید ہوئے |
| فراہمی آب | 24279 افراد مستفید ہوئے | | |

## فراہمی آب پروجیکٹ

گرمی کی شدت اور پانی کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے الھدیٰ لاہور ریجن کی جانب سے عارف والہ اور تونسہ شریف کی پسماندہ بستیوں میں پانی کی فراہمی کے لیے 1 سبمرسیبل پمپ اور 4 ہینڈ پمپس نصب کیے گئے جن سے روزانہ کی بنیاد پر 1200 سے زائد افراد مستفید ہو رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ عوامی مقامات تک ٹھنڈے پانی کی فراہمی کے لیے مساجد، مدارس، سکولز میں 4 الیکٹرک واٹر کولرز لگوائے گئے تا کہ طلباء کے ساتھ ساتھ عام افراد کو بھی ٹھنڈے پانی کی سہولت میسر ہو۔

لاہور ریجن کے اسٹاف اور طلبہ کی جانب سے ٹھنڈے پانی کی 2725 سے زائد بوتلیں راہ گیروں، مزدوروں اور ریڑھی بانوں میں تقسیم کی گئیں۔

24 عوامی مقامات پر ٹھنڈے اور میٹھے پانی کا انتظام کیا گیا جن سے مستفید ہونے والے افراد 6515 ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ 12 دودھ کی سبیلوں سے 2854 افراد مستفید ہوئے۔




## Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594(Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316,**Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***


https://www.alhudapk.com/donate.html

# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

## مالی معاونت برائے تعلیم

الہدیٰ سوشل ویلفیئر کی مالی معاونت سے مستحق طالبہ صفیہ بی بی نے کوئٹہ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (NUMS) سے ایم بی بی ایس کی ڈگری کامیابی سے مکمل کر لی۔ ان کے والد نے الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے ادارے کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ یہ کامیابی الہدیٰ کے تعلیمی معاونت پروگرام کی مؤثر خدمات کا روشن ثبوت ہے۔



17 September 2025

To: The Director Social Welfare
Al-Huda International, H-11/4
Islamabad

Subject: Educational Grant for the Students of Professional Institutions

Respected Sir,

1. I am writing to thanks everyone of Al-Huda International Trust that by the Grace of Almighty Allah and financial assistance provided by your esteemed organization, my daughter Safia Bibi has been completed her MBBS as Paying Cadet from Quetta Institute of Medical Science, affiliated with National University of Medical Sciences (NUMS), Rawalpindi.

2. I and every member of my family is grateful and praying for your esteemed organization and your families. Thanks a lot.

## سیلاب متاثرین کے لیے گھروں کی تعمیر

الحمدللہ، الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن (حیدرآباد ریجن) نے ضلع شکارپور کے گاؤں جمرا، یونین کونسل شیرکوٹ میں 8 گھروں (ایک کمرہ شیلٹر+ بیت الخلاء سہولت) کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا ہے۔ یہ گھر سیلاب متاثرہ خاندانوں کو دیے جا رہے ہیں جنہوں نے 2022 کے سیلاب میں سب کچھ کھو دیا تھا۔ اس وقت یہ منصوبہ تقریباً 80 فیصد مکمل ہے اور بہت جلد یہ خاندان محفوظ چھت کے نیچے زندگی گزار سکیں گے۔




## خواتین کی معاشی بحالی پروگرام

حیدرآباد ریجن میں ضرورت مند خواتین کی خود کفالت کے لیے بدین ،عمرکوٹ، تھرپارکر کے علاقوں میں 10 بکریاں تقسیم کی گئی ہیں۔ یہ بکریاں بالخصوص بیوہ اور غریب خواتین کو دی گئیں تا کہ وہ دودھ اور بکری کے بچوں کی خرید و فروخت کے ذریعے اپنی روزمرہ ضروریات پوری کر سکیں اور گھریلو سطح پر روزگار کما سکیں۔



## عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی








## شجرکاری مہم

اگست 2025 میں الہدیٰ اسلام اور مختلف ریجنز میں شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ اس کا مقصد ماحولیاتی تحفظ اور سرسبز و شاداب پاکستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانا ہے۔ نارتھ ریجن کے تحت 16 برانچز کے اساتذہ، طلبہ اور عملے نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا اور سینکڑوں پودے لگائے۔ لاہور ریجن کے تحت مختلف اسکولوں، اسپتالوں، مدارس، میں 215 پھلدار اور سایہ دار پودے لگائے گئے۔ کمیونٹی افراد نے شجرکاری مہم میں بھرپور طریقے سے حصہ لیا۔ ملتان ریجن نے بھی شجرکاری مہم میں حصہ لیتے ہوئے 272 پودے لگائے۔






# خدمت خلق

Al-Huda Cares!



# امدادی سرگرمیاں برائے سیلاب متاثرین

## خیبر پختون خواہ

18 اگست 2025 کو خیبر پختونخواہ کے علاقے بونیر میں بادل پھٹنے کے باعث شدید سیلاب آیا جس سے لوگوں کے گھر بار، دکانیں بہہ گئے، انسانی جانوں کا بھی بہت نقصان ہوا۔ متاثرین میں راشن، پکا ہوا کھانا اور پانی سینکڑوں خاندانوں میں تقسیم کیا گیا۔ طبی امداد کے لیے میڈیکل کیمپ بھی لگایا گیا۔ ہیڈ آفس کے علاوہ الہدیٰ ملتان اور لاہور ریجن نے بھی امداد بھیجی۔ کے پی کے ٹیم نے پیمانے پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیاں انجام دیں۔ ان علاقوں میں الہدیٰ کے بیس کیمپس قائم کیے گئے جہاں سپروائزرز اور والنٹیرز نے دن رات متاثرین کی بے لوث خدمت کی۔ ان علاقوں میں مسلسل کئی دنوں تک پکا ہوا کھانا، بستر، راشن، چٹائیاں، ترپالیں اور پینے کا صاف پانی فراہم کیا گیا۔





## جنوبی پنجاب کے علاقے

ستمبر میں شدید بارشوں اور طوفان کی وجہ سے پنجاب کے جنوبی علاقے شدید متاثر ہوئے۔ متاثرین کی امداد کے لئے لاہور اور ملتان ریجنز نے فوری طور پر متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور فوری ضروریات کا جائزہ لے کر امدادی کاروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔

ابتدائی طور پر متاثرہ ریجنز نے اس حوالے سے اپنی طالبات اور سٹاف کے ذریعے فنڈز جمع کر کے فوری مدد کا آغاز کر دیا۔ بعد ازاں ہیڈ آفس کے ذریعے بھی متاثرین سیلاب کی مدد کی گئی۔ متاثرہ علاقوں میں ملتان اور لاہور کے نواحی علاقے شامل ہیں۔ درج ذیل ریجنز نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔



## لاہور

لاہور ریجن کی جانب سے بونیر کے متاثرہ علاقوں کے لیے دو ٹرکوں پر مشتمل ریلیف سامان روانہ کیا جس میں راشن پیکس، برتن، پانی کی بوتلیں، کفن، ادویات، کپڑے اور بیکری اشیاء شامل تھیں۔ نیز اس کے علاوہ نارنگ منڈی/بی آر بی بہر، موہلنوال و گردونواح اور ضلع جھنگ میں بھی راشن، گھریلو ضروریات کا سامان، مچھر دانیاں، خیمے اور پانی کے بوتلیں وغیرہ تقسیم کیے گئے

## ملتان

ملتان ریجن نے متاثرہ علاقوں کبیر والا، جلالپور، شیر پور، قاسم بیلا، ہیڈ محمد علی پور، مظفر گڑھ میں راشن پیکس، خیمے اور پکا ہوا کھانا تقسیم کیا۔

## حیدرآباد

حیدرآباد ریجن نے متاثرہ علاقوں میں ترپالیں اور راشن پیکس تقسیم کیے۔

## سیالکوٹ

سیالکوٹ میں حالیہ سیلاب میں ہونے والی تباہ کاری کے باعث سیالکوٹ کی برانچز نے مل کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہوئے متاثرہ 328 خاندانوں تک نقدی، اشیائے خورد و نوش اور گھریلو ضروریات کا سامان پہنچانے کے ساتھ ساتھ دو گھروں کی مرمت بھی کروائی۔



مجموعی طور پر ملک بھر میں ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد سیلاب متاثرین کو مندرجہ ذیل اشیاء فراہم کی گئیں:

راشن پیک۔ 4207

ادویات۔ 100 کارٹن


پکا ہوا کھانا۔ 9495

ترپال۔ 2000

پانی کی بوتلیں۔ 13883

کفن۔ 143

مچھر دانیاں۔ 1315



## سٹوڈنٹس کارنر

# ام المؤمنین خدیجہ رضی اللہ عنہا

**نام ونسب:** سیدہ خدیجہؓ کا نسب نامہ یہ ہے خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی۔ قصی پر پہنچ کر آپ کا نسب نامہ رسول اللہ ﷺ سے جا ملتا ہے۔ نسب کے لحاظ سے آپؓ نبی کریم ﷺ کی دیگر ازواج کے مقابلے میں سب سے زیادہ قریب ہیں۔

**نکاح:** رسولِ اکرم ﷺ سے نکاح سے قبل سیدہ خدیجہؓ کی دو شادیاں ہو چکی تھیں۔ آغاز ہی سے وہ عفت، پاکدامنی اور دیانت میں مثال تھیں، اسی بنا پر "طاہرہ" کہلائیں۔ والد اور شوہروں کے انتقال کے بعد آپؓ نے خود تجارت سنبھالی اور منظم انداز میں اپنے مال کے قافلے روانہ کرتی رہیں۔ جب نبی کریم ﷺ کی امانت وصداقت کی شہرت عام ہوئی تو حضرت خدیجہؓ نے اپنا مالِ تجارت آپ ﷺ کے سپرد کیا۔ یہ سفر نہایت کامیاب رہا اور آپؓ کے غلام میسرہ نے نبی ﷺ کے حسنِ اخلاق اور دیانت کے واقعات بیان کیے، جنہوں نے حضرت خدیجہؓ کے دل میں گہرا اثر چھوڑا۔ چنانچہ انہوں نے آپ ﷺ کو نکاح کا پیغام بھیجا، جو آپ ﷺ نے مشورے کے بعد قبول فرما لیا۔

**مثالی رفاقت:** سیدہ خدیجہؓ وہ عظیم اور باوقار خاتون تھیں جنہوں نے آغازِ اسلام میں نبی کریم ﷺ کا بھرپور ساتھ دیا۔ جب مکہ کے لوگ آپ ﷺ کو جھٹلا رہے تھے، وہ آپ ﷺ کے حوصلے اور دلجوئی کا ذریعہ بنیں۔ پہلی وحی کے وقت جب نبی ﷺ خوف واضطراب کے عالم میں گھر آئے تو سیدہ خدیجہؓ نے محبت اور یقین کے ساتھ تسلی دی اور فرمایا کہ اللہ آپ کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ آپ ﷺ ان کی وفات کے بعد بھی انہیں کثرت سے یاد کرتے اور ان کی وفاداری کو سراہتے تھے۔ حضرت عائشہؓ نے جب اس پر تعجب کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ نے مجھے خدیجہ سے بہتر بیوی نہیں دی؛ لوگوں نے میرا انکار کیا تو وہ ایمان لائیں، سب نے تکذیب کی تو انہوں نے تصدیق کی، لوگوں نے مجھے محروم کیا تو انہوں نے اپنا مال قربان کیا، اور اللہ نے انہی سے مجھے اولاد عطا فرمائی۔ (نبی ﷺ کی تمام اولاد سیدہ خدیجہؓ سے تھی، سوائے حضرت ابراہیمؓ کے جو حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے)

**خصائص وفضائل:** سیدہ خدیجہؓ وہ عظیم المرتبت خاتون ہیں جنہیں سب سے پہلے نبی ﷺ کی تصدیق اور اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ دورِ جاہلیت میں بھی آپؓ بت پرستی سے پاک رہیں اور اپنی عفت و پاکیزگی کی وجہ سے "طاہرہ" کہلائیں۔ مکہ کی مالدار اور باوقار خاتون ہونے کے باوجود نکاح کے بعد اپنی تمام دولت نبی ﷺ کے سپرد کر دی تاکہ دین کے کاموں میں خرچ ہو۔ غلام میسر ہونے کے باوجود خود خدمت کرتی رہیں اور ہر حال میں نبی ﷺ کی قوت وسہارا بنیں۔ آپؓ نے جان، مال اور جذبات سے نبی ﷺ کا ساتھ دیا۔ اسی وفا و ایثار کے صلے میں جبرائیلؑ نبی ﷺ کے پاس آئے اور فرمایا: "خدیجہؓ آپ کے پاس آ رہی ہیں، انہیں ان کے رب کی طرف سے اور میری طرف سے سلام کہہ دیجیے اور انہیں جنت میں موتیوں کے ایک ایسے محل کی بشارت دیں جہاں نہ شور ہوگا نہ تھکن۔

**شعب ابی طالب میں محصوری:** اعلانِ نبوت کے بعد قریش آپ ﷺ کے سخت مخالف ہو گئے، نبی کریم ﷺ اور مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم ڈھاتے۔ جب ہر طرح کے ظلم وستم سے مسلمانوں کو دین اسلام سے نہیں روک سکے تو قریش مکہ نے متفقہ طور پر ایک تحریری معاہدہ لکھ کر نبی کریم ﷺ، بنو ہاشم اور ان کے حامیوں سے یک قلم تمام تعلقات منقطع کر لیے اور انہیں شعب ابی طالب میں محصور کر دیا۔ جس کے نتیجے میں رسول اللہ ﷺ، بنو ہاشم اور سیدہ خدیجہؓ سمیت دیگر مسلمان تین سال تک شعب ابی طالب میں محصور رہے۔ اس دوران شدید بھوک، پیاس اور تنگ دستی کا سامنا کرنا پڑا۔ سیدہ خدیجہؓ نے اس کڑے وقت میں نہایت صبر واستقامت سے نبی ﷺ کا ساتھ دیا۔ اپنی ساری دولت اس مشکل وقت میں خرچ کر دی اور ہر طرح کی تکلیف خندہ پیشانی سے برداشت کی۔ آپؓ کی یہ قربانی اسلام کی تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے۔

**وفات:** شعب ابی طالب میں محصوری، مسلسل مشقت اور کمزوری نے سیدہ خدیجہؓ کو سخت متاثر کیا۔ محصوری کے کچھ عرصہ بعد، 10 نبوی میں، رمضان المبارک کے مہینے میں آپؓ نے وفات پائی۔ یہ وہی سال تھا جس میں نبی کریم ﷺ کے چچا ابو طالب بھی دنیا سے رخصت ہوئے۔ انہی دو عظیم سہاروں کے یکے بعد دیگرے وصال کی وجہ سے اس سال کو رسول اللہ ﷺ نے عام الحزن (غم کا سال) قرار دیا۔ آپ ﷺ ان کی محبت، وفا اور قربانیوں کو زندگی بھر یاد کرتے رہے۔ آپؓ کو مکہ مکرمہ کے قبرستان حجون (جنت المعلیٰ) میں دفن کیا گیا۔ اس وقت تک اسلامی طریقے سے نمازِ جنازہ کا حکم نازل نہیں ہوا تھا، اس لیے نبی ﷺ نے بغیر نمازِ جنازہ دفن فرمایا۔

عیشہ حبیب

# سٹوڈنٹس کارنر

## بے چینی و بے قراری سے نجات

زندگی کی بھاگ دوڑ میں خوف اور غم دب جاتے ہیں، لیکن بیماری یا تنہائی میں یہ خیالات شدت اختیار کر لیتے ہیں۔ مایوسی ماضی میں الجھاتی ہے، پریشانی حال کو مشکل بناتی ہے اور فکر مستقبل کے بارے میں بے چینی پیدا کرتی ہے۔ ایسے وقت میں ضروری ہے کہ ہم ان خیالات کے بجائے اللہ کی پناہ اختیار کریں۔ نبی ﷺ کی دعا ہے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ، وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ، وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ، مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ [ابوداؤد:466]
یہ پڑھنے والا دن بھر کے لیے شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ العظیم: سب سے بڑا، جس کی عظمت ہر طاقت پر غالب ہے۔ الکریم: عطا کرنے والا، جس کی سخاوت لامحدود ہے۔ سلطانه القدیم: ہمیشہ سے اور ہمیشہ تک غالب بادشاہت رکھنے والا۔ یہ دعا محض الفاظ نہیں بلکہ دل سے اللہ کی عظمت اور کرم کو یاد کرنے کا ذریعہ ہے۔ جب انسان اپنے دل و دماغ کو اللہ کی قدرت اور وعدوں پر مطمئن رکھتا ہے تو سکون، اطمینان اور رحمت اس کا حصہ بن جاتے ہیں۔ یقین رکھیں کہ اصل سہارا اللہ ہی کا ہے، اور اسی کے فضل و رحمت سے دل کو شفاء اور زندگی کو سکون ملتا ہے۔

ماخوذ شفا کی دعائیں 36

آمنہ عرفان

## اپنے ساتھ سچے ہوں

اللہ تعالیٰ ہی خالق، مالک اور تمام جہانوں کا رب ہے۔ میری روحانی، جسمانی، ذہنی یا جذباتی ضرورت صرف وہی پوری کر سکتا ہے۔ اگر میں اپنا تعلق اللہ سے مضبوط نہ کروں تو کسی انسان سے میری کمی پوری نہیں ہو سکتی۔ اسی لیے جسمانی ضروریات کے ساتھ ساتھ مجھے قرآن و سنت سے روح کی غذا بھی لینی ہے۔ زندگی میں میانہ روی ضروری ہے: عبادات، گھر والوں کا خیال، قرآن کے ساتھ وقت  ہر چیز میں توازن اور حدود قائم کرنا ہوں گی۔ سب سے بڑھ کر نبی ﷺ کی اتباع اپنے اوپر لازم کرنی ہے اور اپنی اولاد کو بھی سنت نبوی سکھانی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے تکالیف برداشت کر کے بھی اپنی امت کے لیے خیر خواہی کی۔ آج کی نصیحت نے مجھے اپنی غفلت پر شرمندہ کیا ہے۔ ایک دن اللہ کے سامنے کھڑا ہونا ہے، قبر کے عذاب سے پناہ مانگنی ہے اور اپنے گھر والوں کو شرک سے بچانا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ مجھے اپنے ساتھ سچا ہونے کی توفیق دے، اپنی صلاحیتوں کو اس کی راہ میں استعمال کرنے والا بنائے اور اپنے رضا کے کام کرنے کی ہمت عطا کرے۔ آمین یا رب العالمین

ماخوذ تدبر القرآن

مریم سلیم

## اصلاح کے لیے درگزر کا رویہ

آج غلطیوں کی اصلاح کا نبوی طریقہ پڑھ کر دل پر یہ حقیقت نقش ہو گئی کہ کسی کی خطا دیکھتے وقت اس کی سابقہ نیکیوں اور قربانیوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

بخاری کی کلاس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا وہ واقعہ بہت متاثر کن لگا جب انہوں نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے بارے میں سن کر فرمایا: "انہیں برا نہ کہو، وہ نبی ﷺ کے دفاع میں اشعار کہا کرتے تھے۔" میں نے یہ سیکھا کہ کسی کے ساتھ اختلاف یا رنجش کی صورت میں اس کی سابقہ بھلائیاں یاد رکھنی ہیں۔ خاص طور پر اگر کوئی رشتہ دار دل دکھا دے تو اس کے پہلے کیے گئے احسانات، محبت یا والدین کے ساتھ بھلائی کو یاد کر کے دل میں وسعت رکھنی ہے۔ جب ہم دل بڑا کرتے ہیں، درگزر اور خیر خواہی کا رویہ اختیار کرتے ہیں تو تعلقات میں نرمی، محبت اور اصلاح کے راستے کھل جاتے ہیں۔ اللہ ہمیں اپنے تعلقات میں اسی درگزر، احسان اور نبوی حکمت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ماخوذ غلطیوں کی اصلاح کا نبوی طریقہ

فرحت جبیں

## تبتل کیا ہے؟


وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا [المزمل:8]
یعنی مخلوق سے کٹ کر مکمل طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہونا۔ تبتل کا مطلب یہ ہے کہ انسان ہر اس لذت اور تعلق سے دور ہو جائے جو اسے رب سے غافل کرنے والا ہو، اپنی محبت، خوف، امید اور توکل صرف اللہ پر رکھے اور لوگوں کے رویوں یا دنیاوی امیدوں سے آزاد ہو کر اللہ کے فیصلوں پر راضی ہو جائے۔ جب بندہ اپنی خواہشات اور شہوات سے کٹ جاتا ہے تو اس کا دل خالص اللہ کی محبت میں سراسر اسی کا ہو جاتا ہے۔ پھر وہ غیر اللہ سے رخ موڑ کر استقامت اور کامل یقین کے ساتھ "السابقون" میں شامل ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ تبتل کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ بندہ اپنی چاہت کو رب کی چاہت کے تابع کر دے، ہر نیکی صرف اسی کی رضا کے لیے کرے اور ہر ضرورت اور فریاد میں صرف اللہ کو پکارے۔ یہی رویہ دلوں کے سکون، غم اور خوف سے آزادی، اللہ کی محبت اور دنیا و آخرت کی کامیابی کا اصل راز ہے۔

ماخوذ تدبر القرآن

طالبہ


# سٹوڈنٹس کارنر

## الھدیٰ پبلی کیشنز کی نئی مطبوعات










## کتاب پر تبصرہ




### حمد و ثنا

یہ کتاب حمد و ثنا کے منتخب عربی کلمات پر مشتمل ہے جنہیں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اپنے دروس میں بیان کیا ہے۔ ان کلمات کا ہر لفظ دل کو چھو لینے والا اور ایمان کو تازگی بخشنے والا ہے۔ ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی ذات کی پہچان ایک نئے زاویے سے حاصل ہوتی ہے اور بندہ اپنے رب کی عظمت و کبریائی کو گہرے احساس کے ساتھ محسوس کرتا ہے۔ سادہ اور پر اثر اسلوب میں مرتب یہ کتاب قارئین کے لیے ذکرِ الٰہی اور شکر گزاری کے جذبات کو بیدار کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

## انٹرنیشنل بک فیئر 2025 اسلام آباد





پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر میں منعقدہ بکس اگیزیبیشن میں ملک کے معروف پبلیشرز اور رائٹرز نے اپنی کتابیں پیش کیں۔
الھدیٰ پبلیکیشنز نے بھی نمایاں انداز میں شرکت کی اور اپنی مستند کتب، لفظی ترجمے والا قرآن مجید، دعاؤں اور تسبیحات کے کارڈز اور دیگر پراڈکٹس پیش کیں۔ الھدیٰ پبلیکیشنز کے اسٹال کو صحافیوں، اساتذہ، طلبہ، خواتین، مردوں اور بچوں سب نے بھرپور دلچسپی سے وزٹ کیا اور بہت سراہا۔






## تعزیت

### انا للہ و انا الیہ راجعون

الھدیٰ سکول (AIS) کے حفظ سیکشن کا بچہ اور ڈرائیور گاڑی پر کھمبا گرنے کے حادثے میں وفات پا گئے۔
الھدیٰ سیالکوٹ سے ہماری ساتھی فائزہ خان، الھدیٰ کراچی کے پہلے بیچ سے فارغ التحصیل اور شعبہ خدمت خلق سے وابستہ ہماری ساتھی نادرہ آپا اور الھدیٰ طارق روڈ برانچ سے وابستہ الھدیٰ کی خیر خواہ ہماری ساتھی فہمیدہ شاہد اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کی بخشش فرمائے، ان کی حسنات کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس کے اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آمین


ایڈیٹوریل ٹیم

سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی، فرخ چوہدری، عصمت خاتون



الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com